معجزاتِ سرورِ عالم | عربی تالیف: از جناب ولید الاعظمی - مترجم: برادرم حافظ محمد ادریس صاحب - ناشر: حرا پبلی کیشنز، اردو بازار - لاہور۔ صفحات ۲۳۹ - قیمت: ۳۷/۵۰ روپے

کتاب بتاتی ہے کہ مؤلف کا درجہ مطالعہ و نگارش کے لحاظ سے کتنا بلند ہے۔ اور مترجم سونے پر سہاگہ - پھر یہ کہ ناشر بھی احوالِ رسالت کے بارے میں اچھی کتابیں پیش کرنے کے لحاظ سے قابلِ قدر رسولِ مکرم و معظم صلی اللہ علیہ وسلم کے دَور کے چھوٹے چھوٹے مگر بہت اہم واقعات جن کی تعداد قریباً ۲۴۳ ہے - نہایت تحقیق اور حسنِ بیان سے یکجا کیے گئے ہیں - اور انداز ایسا ہے کہ یہ سبق آموز ہیں - اور دل و دماغ پر اثر انداز ہونے والے ہیں - ہر واقعہ کے ساتھ سند و ماخذ کا بڑا اہتمام کیا گیا ہے۔

طلبہ و طالبات، خواتین، گھروں، صحافیوں اور خطیبوں کے لیے یہ کتاب بڑی اہم ہے۔

ماہنامہ نعت | ایڈیٹر: جناب رشید محمود ضیاء الحق قریشی ایم اے - دفتر رابطہ: ۱۸ راحت مارکیٹ، اردو بازار، لاہور - مقامِ اشاعت: اطہر منزل، مسیحا اسٹریٹ، نیو شاد مان کالونی، ملتان روڈ، لاہور - قیمت فی شمارہ ۱۰/- روپے - سالانہ: ۱۲۰/- روپے -

اکتوبر کا شمارہ "میلاد النبی نمبر" کا اوّل حصہ ہے - راجا رشید محمود کا ذوقِ نعت اور اسلوب دونوں معروفِ عام ہیں - خوب ہوا کہ انہوں نے نعت کے عنوان سے باقاعدہ رسالہ کا اجرا کر دیا - میلاد، تاریخِ ولادتِ حضور، اور ایسے بھی مباحث پر مضامین بھی ہیں اور ظہور قدسی کے متعلق شعر و کلام بھی - ۱۴۳ نعتیں بھی شریکِ اشاعت ہیں -

---

نسخاتِ صحت | مؤلف: جناب حکیم سید غلام رسول شاہ صاحب گیلانی مرحوم - ترتیب و تدوین و نظرِ ثانی از جناب سید اسعد گیلانی خلف الرشید حکیم صاحب مرحوم، بہ اہتمام اسلامی اکادمی منصورہ ملتان روڈ، لاہور - ذریعہ اشاعت: الفیصل ناشران و تاجرانِ کتب، غزنی اسٹریٹ، اردو بازار لاہور - ۳۲۲ صفحات، سفید کاغذ، طباعت مناسب، مجلد مع گرد پوش، قیمت ۴۸/- روپے

ہیں نے اس کتاب کو پڑھا اور اس سے متاثر ہوا - یہ عام طبی کتب کی طرح نہیں ہے، بلکہ اس میں